# حصّہ سوم

## تجوید کے چند اہم اسباق

لام : اللّٰہ، الْ

میم : مْ، مّ

نون : نْ، ـــٍـــٌ، نّ

راء : رَ، رُ

مد : ‿ ‿

وقف و ابتداء

ہم اب تک مخارِج اور صفات کے بارے میں پڑھ چکے ہیں اور اس کے علاوہ نیچے دیے گئے قواعد بھی پڑھ چکے ہیں:

- حروف مدہ کے قواعد
- سکون کے قواعد، نرم واؤ اور نرم یاء، قلقلہ والے حروف، ہَمْس والے حروف

اب ہم کچھ بقیہ قواعد سیکھیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ !



www.understandquran.com

# سبق 34 — م اور ن پر شدّہ (مّ، نّ)

جب بھی میم یا نون پر شدّہ آئے تو اس کو غنہ کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ غنہ کرنے کا مطلب ہے ناک میں آواز لے جا کر دو حرکت کے برابر یعنی ڈبل کھینچتے ہوئے پڑھنا۔ اس کتاب میں میم اور نون پر شدّہ کی نشانی یہ ہے (ّّ)، جب کہ عام شدّہ کی نشانی یہ ہے (ّ)۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنَّ<br>بے شک، کہ | اِنَّ<br>بے شک، یقیناً | وَاِنَّ<br>اور بے شک، اور یقیناً | ثُمَّ<br>پھر |
| اِنَّا | مِنَّا | مِمَّا | عَمَّا |
| لَمَّا | وَاَمَّا | كُنَّا | اٰمَنَّا |
| فَلَمَّا | جَنّٰتٍ | اِنَّمَا | فَاِنَّمَا |
| اِنَّهُ | اِنَّهُمْ | اِنَّكَ | اِنَّكُمْ |
| اِنِّیْ | اَنَّهُمْ | جَهَنَّمَ | وَلٰكِنَّ |